Test Booklet Code
ٹسٹ کتابچہ کا کوڈ

# JAHAGA

No. :

URDU

# O5

**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
اس کتابچہ کو اس وقت تک نہ کھولیں جب تک ایسا کرنے کے لیے نہ کہا جائے۔
**Read carefully the Instructions on the Back Cover of this Test Booklet.**
اس کتابچہ کے پچھلے کور پر درج ہدایات کو غور سے پڑھئے۔

This Booklet contains **32+48** pages.
اس کتابچہ میں 32+48 صفحات ہیں

***Important Instructions :***

1. The Answer Sheet is inside this Test Booklet. When you are directed to open the Test Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars on OFFICE Copy carefully with **blue/black** ball point pen only.
2. The test is of **3 hours** duration and the Test Booklet contains **200** multiple-choice questions (four options with a single correct answer) from **Physics, Chemistry and Biology (Botany and Zoology)**. **50** questions in each subject are divided into **two Sections (A and B)** as per details given below :
   (a) **Section A** shall consist of **35 (Thirty-five)** Questions in each subject (Question Nos – 1 to 35, 51 to 85, 101 to 135 and 151 to 185). All questions are compulsory.
   (b) **Section B** shall consist of **15 (Fifteen)** questions in each subject (Question Nos – 36 to 50, 86 to 100, 136 to 150 and 186 to 200). In Section B, a candidate needs to **attempt any 10 (Ten)** questions out of **15 (Fifteen)** in each subject.
   **Candidates are advised to read all 15 questions in each subject of Section B** before they start attempting the question paper. In the event of a candidate attempting more than ten questions, **the first ten questions answered by the candidate shall be evaluated**.
3. Each question carries 4 marks. For each correct response, the candidate will get 4 marks. For each incorrect response, **one** mark will be deducted from the total scores. **The maximum marks are 720.**
4. Use **Blue/Black Ball Point Pen only** for writing particulars on this page/marking responses on Answer Sheet.
5. Rough work is to be done in the space provided for this purpose in the Test Booklet only.

اہم ہدایات :

1. اس ٹسٹ کتابچہ کے اندر جوابی بیاض موجود ہے۔ جب اس کتابچے کو کھولنے کی ہدایت دیجائے تو جوابی بیاض نکال کر اس کی آفیس کاپی میں احتیاط کے ساتھ صرف نیلے / کالے بال پوائنٹ پین سے تفصیلات پُر کریں۔
2. ٹسٹ کی معیاد 3 گھنٹے ہے اور ٹسٹ کتابچے میں طبیعات، کیمیا اور حیاتیات (نباتیات وحیوانیات) سے **200** کثیر انتخابی سوالات (چار متبادلات جن میں صرف ایک صحیح ہے) دیئے گئے ہیں۔ ہر مضمون کے **50** سوالات دو سیکشنوں (A اور B) میں درج ذیل تفصیل کے مطابق منقسم ہیں :
   (a) سیکشن A میں ہر مضمون کے **35** (پینتیس) سوالات (1 سے 35، 51 سے 85، 101 سے 135 اور 151 سے 185) ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔
   (b) سیکشن B میں ہر مضمون کے **15** (پندرہ) سوالات (سوالات نمبر 36 سے 50، 86 سے 100، 136 سے 150 اور 186 سے 200) ہوں گے۔ سیکشن B میں امیدوار کو ہر مضمون سے 15 (پندرہ) میں سے کوئی 10 (دس) سوالات کرنے ہوں گے۔
   **امیدواروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ جوابات لکھنا شروع کرنے سے پہلے وہ سیکشن B کے تمام 15 سوالات بغور پڑھیں۔** امیدوار کے دس سوالات سے زیادہ کے جواب دینے کی صورت میں **صرف ابتدائی دس سوالات کے جوابات کی جانچ ہوگی۔**
3. ہر سوال کے 4 مارکس مقرر ہیں۔ ہر صحیح جواب کے لئے امیدوار کو 4 مارکس ملیں گے۔ ہر غلط جواب کے لئے مجموعی محصلہ مارکس میں سے 1 مارک منہا کیا جائے گا۔ اعظم ترین مارکس **720** ہیں۔
4. جوابی بیاض میں تفصیلات اس صفحہ / نشان لگائے جانے والے جوابات کے لئے صرف نیلے / کالے بال پوائنٹ پین کا استعمال کریں۔
5. ٹسٹ کتابچہ میں صرف مختص جگہ ہی رف ورک کریں۔

**In case of any ambiguity in translation of any question, English version shall be treated as final.**
**کسی بھی سوال کے ترجمے میں کسی بھی طرح کے ابہام کی صورت میں انگریزی ترجمہ ہی قطعی سمجھا جائے گا۔**

**Name of the Candidate (in Capitals) :**
امیدوار کا نام (جلی حروف میں) : ____________________

**Roll Number** : in figures
رول نمبر : اعداد میں ____________________
: in words
: الفاظ میں ____________________

**Centre of Examination (in Capitals) :**
مرکزِ امتحان (جلی حروف میں) : ____________________

**Candidate's Signature :**
امیدوار کے دستخط : ____________________

**Invigilator's Signature :**
نگران کے دستخط : ____________________

**Facsimile signature stamp of Centre Superintendent :** ____________________

ZOLLEGE.in

## سیکشن-A (طبیعات)

**.1** مساوی لمبائیوں، مساوی عمودی تراش کے رقبوں اور مساوی مادوں کے چار تاروں کے ایک متوازی اجتماع کی موثر مزاحمت $0.25\ \Omega$ ہے۔ ان کی موثر مزاحمت کیا ہوگی اگر ان کو سلسلہ وار اجتماع میں جوڑا جائے ؟

(1) $1\ \Omega$

(2) $4\ \Omega$

(3) $0.25\ \Omega$

(4) $0.5\ \Omega$

**.2** $x$-سمت میں آگے بڑھنے والی ایک مسطح برقی مقناطیسی موج کے لیے مندرجہ ذیل میں سے کون سا اتصال بالترتیب برقی میدان (E) اور مقناطیسی میدان (B) کی صحیح سمت بتاتا ہے ؟

(1) $\hat{j}+\hat{k},\ -\hat{j}-\hat{k}$

(2) $-\hat{j}+\hat{k},\ -\hat{j}+\hat{k}$

(3) $\hat{j}+\hat{k},\ \hat{j}+\hat{k}$

(4) $-\hat{j}+\hat{k},\ -\hat{j}-\hat{k}$

**.3** وولٹیج V کے متبادل برقی رو کے منبع سے صلاحیت 'C' کا ایک مکثفہ جڑا ہے جبکہ $V = V_0 \sin\omega t$، مکثفہ کی چادروں کے بیچ پیدا ہونے والی نقل برقی رو کیا ہوگی ؟

(1) $I_d = \frac{V_0}{\omega C}\sin\omega t$

(2) $I_d = V_0\ \omega C \sin\omega t$

(3) $I_d = V_0\ \omega C \cos\omega t$

(4) $I_d = \frac{V_0}{\omega C}\cos\omega t$

**.4** 600 nm والے ایک یک رنگی نوری منبع سے فی سیکنڈ اخراج پزیر ہونے والے فوٹانوں کی اوسط تعداد کیا ہوگی جبکہ منبع $3.3 \times 10^{-3}$ watt کی طاقت پر اخراج کرتا ہے۔ $(h = 6.6 \times 10^{-34}\ \text{Js})$

(1) $10^{16}$

(2) $10^{15}$

(3) $10^{18}$

(4) $10^{17}$

**.5** ایک جسم کو زمین کی سطح سے اوپر S اونچائی سے چھوڑا جاتا ہے۔ ایک خاص اونچائی پر اس کی حرکیاتی توانائی اس کی توانائی بالقوی کے تین گنی ہے۔ اس وقفہ پر اس جسم کی زمین کی سطح سے اونچائی اور چال بالترتیب ہونگے :

(1) $\frac{S}{2},\ \frac{\sqrt{3gS}}{2}$

(2) $\frac{S}{4},\ \sqrt{\frac{3gS}{2}}$

(3) $\frac{S}{4},\ \frac{3gS}{2}$

(4) $\frac{S}{4},\ \frac{\sqrt{3gS}}{2}$

**.6** قطبی سالمات وہ سالمات ہیں جو کہ :

(1) صرف جب مقناطیسی میدان کی غیر موجودگی میں قطبی معیار اثر حاصل کرتے ہیں

(2) ایک پائیدار دو قطبی معیار اثر رکھتے ہیں

(3) صفر دو قطبی معیار اثر رکھتے ہیں

(4) صرف برقی میدان کی موجودگی میں برقی بار کے ہٹاؤ ہی کی وجہ سے دو قطبی معیار اثر حاصل کرتے ہیں

**.7** اگر قوت [F]، اسراع [A] اور وقت [T] کو بنیادی طبیعاتی مقداروں کے طور پر چنا جائے تو توانائی کی ابعاد ہونگی :

(1) $[F]\,[A]\,[T^{-1}]$

(2) $[F]\,[A^{-1}]\,[T]$

(3) $[F]\,[A]\,[T]$

(4) $[F]\,[A]\,[T^2]$

**.8** ایک پن چکّی کو چلانے کے لیے 60 m کی اونچائی سے 15 kg/s کی شرح سے پانی گرتا ہے۔ رگڑ کی قوت کی وجہ سے ہونے والا نقصان دی گئی توانائی کا 10% ہے، پن چکّی سے کتنی طاقت پیدا ہوگی ؟

$(g = 10\ \text{m/s}^2)$

(1) 12.3 kW

(2) 7.0 kW

(3) 10.2 kW

(4) 8.1 kW

ZOLLEGE.in

**.9** 240 کمیت عدد والا ایک مرکزہ 120 کمیت عدد والے دو مرکزوں میں ٹوٹتا ہے۔ اگر بنا ٹوٹے ہوئے مرکزہ کی بندش توانائی فی نیوکلیان 7.6 MeV اور ٹوٹے ہوئے مرکزوں کی کل بندش توانائی فی نیوکلیان 8.5 MeV ہے تب اس عمل میں بندش توانائی میں ہونے والی بڑھوتری ہوگی :

(1) 804 MeV

(2) 216 MeV

(3) 0.9 MeV

(4) 9.4 MeV

**.10** ایک پیچ پیمہ (screw gauge) سے جب ایک تار کے قطر کی پیائش کی جاتی ہے تو وہ مندرجہ ذیل اقدار دیتا ہے :

صدر پیمانے کی قدر = 0 mm

دائری پیمانے کی قدر = 52 حصے

دیا گیا ہے صدر پیمانے پر 1 mm دائری پیمانے کے 100 حصّوں سے مربوط ہے۔ اوپر دیے گیے حقائق کے مطابق تار کا قطر ہوگا :

(1) 0.26 cm

(2) 0.052 cm

(3) 0.52 cm

(4) 0.026 cm

**.11** شکل میں دیے گیے مکثفوں کے اجتماع کی موثر صلاحیت ہوگی :




(1) C/2

(2) 3C/2

(3) 3C

(4) 2C

**.12** ایک دو قطبی کو ایک برقی میدان میں رکھا گیا ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ وہ کس سمت میں حرکت کریگا ؟




(1) بائیں طرف کیونکہ اس کی توانائی بالقوی گھٹیگی۔

(2) دائیں طرف کیونکہ اس کی توانائی بالقوی بڑھیگی۔

(3) بائیں طرف کیونکہ اس کی توانائی بالقوی بڑھیگی۔

(4) دائیں طرف کیوں کہ اس کی توانائی بالقوی گھٹیگی۔

**.13** ایک بے پایاں لمبے سیدھے موصل میں 5 A کا کرنٹ بہتا ہے جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔ ایک الیکٹران، موصل کے متوازی $10^5$ m/s کی چال سے متحرک ہے۔ کسی وقفہ پر الیکٹران اور موصل کے کے بیچ کا عمودی فاصلہ 20 cm ہے۔ اس وقفہ پر الیکٹران کے ذریعہ محسوس کی جانے والی قوت کی قدر کیا ہوگی ؟




(1) $4\pi \times 10^{-20}$ N

(2) $8 \times 10^{-20}$ N

(3) $4 \times 10^{-20}$ N

(4) $8\pi \times 10^{-20}$ N

**.14** ایک n قسم نیم موصل میں الیکٹرانوں کا ارتکاز p قسم نیم موصل میں سوراخوں کے ارتکاز کے مساوی ہے۔ ایک بیرونی میدان (برقی) ان دونوں پر لگایا جاتا ہے۔ ان میں پیدا ہونے والی برقی رو کا موازنہ کیجئے اور متبادلات میں سے صحیح جواب چنیے۔

(1) n قسم نیم موصل میں برقی رو < p - قسم نیم موصل میں برقی رو

(2) p - قسم نیم موصل میں برقی رو نہیں بہیگی، صرف n۔قسم نیم موصل میں برقی رو بہیگی۔

(3) n۔قسم نیم موصل میں برقی رو = p قسم نیم موصل میں برقی رو

(4) p قسم نیم موصل میں برقی رو < n - قسم نیم موصل میں برقی رو

ZOLLEGE.in

**.15** 20 cm طول ماسکہ والا ایک حدبی عدسہ 'A' اور 5 cm طول ماسکہ والا ایک جوفی عدسہ 'B' ایک ہی محور میں ایک دوسرے سے 'd' دوری پر رکھے ہیں۔ اگر 'A' پر وقوع پزیر ایک متوازی نور کی شعاع 'B' کو ایک متوازی شعاع کے طور پر چھوڑتی ہے۔ تب دوری 'd' کی قدر 'cm' میں ہوگی :

(1) 50

(2) 30

(3) 25

(4) 15

**.16** بڑی طول ماسکہ اور بڑے روزن والا لینس ایک خلائی دوربین میں بینیہ کے طور پر سب سے بہتر ہوتا ہے کیوں کہ :

(1) بڑا روزن شبیہ کی خوبی اور دکھائی دینے کی حالت کو بہتر کرنے میں مدد کرتا ہے۔

(2) بینیہ کا بڑا رقبہ بہتر نور اکٹھا کرنے کی طاقت کو یقینی بناتا ہے۔

(3) ایک بڑا روزن بہتر جز تجزیہ مہیا کراتا ہے۔

(4) مندرجہ بالا سارے متبادلات صحیح ہیں۔

**.17** ایک اسپرنگ 10 N کی قوت سے 5 cm تک کھینچتا ہے۔ جب اس سے 2 kg کی ایک کمیت کو لٹکایا جاتا ہے تو اہتزاز کا دور کیا ہوگا ؟

(1) 3.14 s

(2) 0.628 s

(3) 0.0628 s

(4) 6.28 s

**.18** ایک تابکاری مرکزہ کی نصف زندگی 100 گھنٹا ہے۔ 150 گھنٹے کے بعد اصل فعالیت کا کون سا حصّہ بچا رہیگا ؟

(1) $\frac{2}{3}$

(2) $\frac{2}{3\sqrt{2}}$

(3) 1/2

(4) $\frac{1}{2\sqrt{2}}$

**.19** دو برقائے ہوئے کروی موصل جن کے نصف قطر $R_1$ اور $R_2$ ہیں ایک تار کے ذریعہ جڑے ہیں۔ تب ان کروں کی سطحی برقی بار کثافت کا تناسب ہوگا $(\sigma_1/\sigma_2)$ :

(1) $\sqrt{\left(\frac{R_1}{R_2}\right)}$

(2) $\frac{R_1^2}{R_2^2}$

(3) $\frac{R_1}{R_2}$

(4) $\frac{R_2}{R_1}$

**.20** ایک پوٹنشیو میٹر سرکٹ میں برقی حرکیاتی قوی 1.5 V کا ایک سیل تار کے 36 cm لمبائی پر نقطہ توزن دیتا ہے۔ ایک دوسرے سیل کو 2.5 V برقی حرکیاتی قوی کے سیل سے تبدیل کیا جاتا ہے۔ تب تار کی کس لمبائی پر نقطہ توازن ہوگا :

(1) 64 cm

(2) 62 cm

(3) 60 cm

(4) 21.6 cm

ZOLLEGE.in

**.21** نصف قطر 'R' کے برقی رو بردار موٹے کیبل میں عمودی تراش پر یکساں طور پر تقسیم شدہ برقی رو 'I' ہے۔ کیبل کے محور سے 'r' دوری پر کیبل کی وجہ سے ہونے والی مقناطیسی میدان B(r) میں تبدیلی کو مندرجہ ذیل میں سے کس ترسیم کے ذریعہ دکھایا جا سکتا ہے :

(1)



(2)



(3)



(4)



**.22** ایک متوازی چادر مکثفہ کے چادروں کے درمیان ایک یکساں برقی میدان '$\vec{E}$' ہے۔ اگر چادروں کے بیچ کا فاصلہ 'd' ہے اور چادروں کا رقبہ 'A' ہے تب مکثفہ میں جمع ہوئی توانائی کیا ہوگی جبکہ خلاء میں برقی سرایت پزیری $\varepsilon_0$ ہے ؟

(1) $\frac{1}{2}\varepsilon_0 E^2 Ad$

(2) $\frac{E^2 Ad}{\varepsilon_0}$

(3) $\frac{1}{2}\varepsilon_0 E^2$

(4) $\varepsilon_0 EAd$

**.23** طول موج 'λ' کی ایک برقی مقناطیسی موج ناقابل غور ورک فنکشن والے ایک نوری حساس دھاتی سطح پر وقوع پزیر ہوتی ہے۔ اگر 'm' کمیت نوری سطح سے اخراج پزیر ہونے والے نوری الیکٹران کا ڈی براگلی طول موج $\lambda_d$ ہو تب :

(1) $\lambda = \left(\frac{2mc}{h}\right)\lambda_d^2$

(2) $\lambda = \left(\frac{2h}{mc}\right)\lambda_d^2$

(3) $\lambda = \left(\frac{2m}{hc}\right)\lambda_d^2$

(4) $\lambda_d = \left(\frac{2mc}{h}\right)\lambda^2$

**.24** ایک جسم 'n' تعدد سے سادہ حارمونی حرکت کر رہا ہے۔ اس کی وضعی توانائی کا تعدد ہوگا :

(1) 3n

(2) 4n

(3) n

(4) 2n

**.25** مندرجہ ذیل بیانات **(A)** اور **(B)** پر غور کیجئے اور صحیح جواب چنئے :

**(A)** ایک زینر ڈایوڈ لیس معکوس میلان میں جوڑا جاتا ہے جبکہ وہ وولٹیج ریگولیٹر کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

**(B)** p-n جنکشن کا روک مضر (potential barrier) 0.1 V سے 0.3 V کے بیچ ہوتا ہے۔

(1) **(A)** صحیح ہے جبکہ **(B)** غلط ہے۔

(2) **(A)** غلط ہے جبکہ **(B)** صحیح ہے۔

(3) **(A)** اور **(B)** دونوں صحیح ہیں۔

(4) **(A)** اور **(B)** دونوں غلط ہیں۔

ZOLLEGE.in

**26.** امالیت L کا ایک امالہ، صلاحیت C کا ایک مکثفہ اور مزاحمت 'R' کا ایک مزاحمہ سلسلہ وار طور پر ایک متبادل برقی رو کے منبع سے جڑے ہیں جس کا مضمر فرق 'V' ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ L، C اور R کے سروں کے بیچ مضمر فرق بالترتیب 40 V، 10 V اور 40 V ہیں۔ LCR سرکٹ سے ہو کر گزرنے والے برقی رو کی وسعت $10\sqrt{2}$ A ہے۔ تب سرکٹ کی مقاومت (impedance) ہوگی :




(1) 4 Ω

(2) 5 Ω

(3) $4\sqrt{2}$ Ω

(4) $5/\sqrt{2}$ Ω

**27.** پرزم سے زاویہ نمود کی قدر بتایئے جبکہ کانچ کا انعطاف نما $\sqrt{3}$ ہے۔




(1) 45°

(2) 90°

(3) 60°

(4) 30°

**28.** ایک تابکار مرکزہ $^{A}_{Z}X$ مندرجہ ذیل سلسلہ کے ذریعہ تنزل پزیر ہوتا ہے ۔

$$^{A}_{Z}X \rightarrow {}_{Z-1}B \rightarrow {}_{Z-3}C \rightarrow {}_{Z-2}D$$

جہاں Z، عنصر X کا جوہری عدد ہے۔ تب اس سلسلہ میں ممکنہ تنزل ذرات ہونگے :

(1) $\beta^{+}, \alpha, \beta^{-}$

(2) $\beta^{-}, \alpha, \beta^{+}$

(3) $\alpha, \beta^{-}, \beta^{+}$

(4) $\alpha, \beta^{+}, \beta^{-}$

**29.** t = 0 پر حالت سکون سے ابتداء کر کے ایک کندہ ایک چکنے مائل مستوی پر نیچے کی طرف پھسلتا ہے۔ فرض کریں کہ وقفہ t = n − 1 سے t = n تک کندہ کے ذریعہ طے کیا گیا فاصلہ $S_n$ ہے تب تناسب $\frac{S_n}{S_{n+1}}$ کی قدر ہوگی :

(1) $\frac{2n+1}{2n-1}$

(2) $\frac{2n}{2n-1}$

(3) $\frac{2n-1}{2n}$

(4) $\frac{2n-1}{2n+1}$

**30.** ستون I اور ستون II کو ملایئے اور دیے گیے متبادلات میں سے صحیح متبادل چنیے :

| | ستون I | | ستون II |
|---|---|---|---|
| (A) | گیس کے سالمات کی جذر اوسط مربع چال | (P) | $\frac{1}{3}nm\bar{v}^2$ |
| (B) | مثالی گیس کے ذریعہ ڈالا جانے والا دباؤ | (Q) | $\sqrt{\frac{3RT}{M}}$ |
| (C) | ایک سالمہ کی اوسط حرکیاتی توانائی | (R) | $\frac{5}{2}RT$ |
| (D) | دو جوہری گیس کے 1 مول کی کل اندرونی توانائی | (S) | $\frac{3}{2}k_BT$ |

(1) (A) - (Q), (B) - (P), (C) - (S), (D) - (R)

(2) (A) - (R), (B) - (Q), (C) - (P), (D) - (S)

(3) (A) - (R), (B) - (P), (C) - (S), (D) - (Q)

(4) (A) - (Q), (B) - (R), (C) - (S), (D) - (P)

**31.** زمین کی سطح سے فرار چال $v$ ہے۔ زمین سے چار گنی نصف قطر اور مساوی کثافت کے ایک دوسرے سیارہ کی سطح سے فرار چال ہوگی :

(1) $3v$

(2) $4v$

(3) $v$

(4) $2v$

ZOLLEGE.in

**.32** کافی کا ایک کپ 90°C سے 80°C تک t minutes میں ٹھنڈا ہوتا ہے۔ جبکہ کمرے کا درجہ حرارت 20°C ہے۔ کافی کے اس کپ کو 80°C سے 60°C تک ٹھنڈا ہونے میں کتنا وقت لگے گا جب کہ کمرے کا درجہ حرارت 20°C پر ہی ہے ؟

(1) $\frac{10}{13}t$

(2) $\frac{5}{13}t$

(3) $\frac{13}{10}t$

(4) $\frac{13}{5}t$

**.33** اگر E اور G بالترتیب توانائی اور ثقل کے مستقلہ کو ظاہر کرتے ہیں تب $\frac{E}{G}$ کی ابعاد ہونگی :

(1) $[M][L^0][T^0]$

(2) $[M^2][L^{-2}][T^{-1}]$

(3) $[M^2][L^{-1}][T^0]$

(4) $[M][L^{-1}][T^{-1}]$

**.34** کمیت M اور کثافت d کی ایک چھوٹی بال کو جب گلسرین سے بھرے برتن میں ڈبویا جاتا ہے تو کچھ وقت کے بعد اس کی رفتار مستحکم ہو جاتی ہے۔ اگر گلیسرین کی کثافت $\frac{d}{2}$ ہے، تو اس بال پر کام کرنے والی لزوجتی قوت (viscous force) ہوگی :

(1) $\frac{3}{2}Mg$

(2) $2Mg$

(3) $\frac{Mg}{2}$

(4) $Mg$

**.35** ستون I میں ایک دھاتی موصل سے ہو کر بہنے والی برقی رو سے متعلق کچھ طبعیاتی اصطلاحات دیے گئے ہیں۔ ستون II میں برقی مقداروں کے کچھ ریاضیاتی ضابطے دیے گئے ہیں۔ ستون I اور ستون II کو مناسب رشتوں کے حساب سے ملائیے۔

| ستون I | | ستون II | |
|---|---|---|---|
| (A) | بارآوری رفتار (Drift Velocity) | (P) | $\frac{m}{ne^2\rho}$ |
| (B) | برقی مزاحمت (Electrical Resistivity) | (Q) | $nev_d$ |
| (C) | استراحت وقفہ (Relaxation Period) | (R) | $\frac{eE}{m}\tau$ |
| (D) | برقی رو کی کثافت (Current Density) | (S) | $\frac{E}{J}$ |

(1) (A)-(R), (B)-(P), (C)-(S), (D)-(Q)

(2) (A)-(R), (B)-(Q), (C)-(S), (D)-(P)

(3) (A)-(R), (B)-(S), (C)-(P), (D)-(Q)

(4) (A)-(R), (B)-(S), (C)-(Q), (D)-(P)

## سیکشن۔B (طبیعات)

**.36** نصف قطر R کے ایک دائرے میں یکساں چال سے حرکت کرتا ہوا ایک جسم ایک چکر پورا کرنے میں T وقت لگاتا ہے۔ اگر اس جسم کو افقی سمت سے 'θ' زاویہ پر داغا جائے تو اس کے ذریعہ حاصل کی گئی اعظم اونچائی 4R کے برابر ہوتی ہے۔ تب زاویہ 'θ' ہوگا :

(1) $\theta=\sin^{-1}\left(\frac{\pi^2 R}{gT^2}\right)^{1/2}$

(2) $\theta=\sin^{-1}\left(\frac{2gT^2}{\pi^2 R}\right)^{1/2}$

(3) $\theta=\cos^{-1}\left(\frac{gT^2}{\pi^2 R}\right)^{1/2}$

(4) $\theta=\cos^{-1}\left(\frac{\pi^2 R}{gT^2}\right)^{1/2}$

ZOLLEGE.in

ZOLLEGE.in

**.37** حاصل ضرب $\vec{F}=q\left(\vec{v}\times\vec{B}\right)$ میں

$=q\,\vec{v}\times\left(B\hat{i}+B\hat{j}+B_0\hat{k}\right)$

$q=1$ کے لئے $\vec{v}=2\hat{i}+4\hat{j}+6\hat{k}$ اور

$\vec{F}=4\hat{i}-20\hat{j}+12\hat{k}$

$\vec{B}$ کا مکمل ضابطہ ہوگا :

(1) $8\hat{i}+8\hat{j}-6\hat{k}$

(2) $6\hat{i}+6\hat{j}-8\hat{k}$

(3) $-8\hat{i}-8\hat{j}-6\hat{k}$

(4) $-6\hat{i}-6\hat{j}-8\hat{k}$

**.38** نصف قطر $R_1$ اور $R_2$ والی دو موصل دائروی لوپ ایک ہی مستوی میں رکھی ہیں جبکہ ان کے مرکز متوارد ہیں۔ اگر $R_1 >> R_2$ ، تو ان کی باہمی امالیت (M) ، مندرجہ ذیل میں سے کس کے راست متناسب ہوگی :

(1) $\frac{R_1^2}{R_2}$

(2) $\frac{R_2^2}{R_1}$

(3) $\frac{R_1}{R_2}$

(4) $\frac{R_2}{R_1}$

**.39** کمیت 'M' اور نصف قطر 'R' کے ایک دائری چھلہ سے ایک 90° کے حصّہ سے متعلق ایک قوس کو ہٹایا گیا ہے۔ چھلہ کے مرکز سے گزرنے والے اور چھلے کے مستوی کے عمودی محور کے اطراف چھلہ کے باقی بچے حصّہ کا جمود کا گوشہ '$MR^2$' کا 'K' گنا ہے۔ تب 'K' کی قدر ہوگی :

(1) $\frac{1}{4}$

(2) $\frac{1}{8}$

(3) $\frac{3}{4}$

(4) $\frac{7}{8}$

**.40** تین مزاحمہ جن کی مزاحمت $r_1, r_2$ اور $r_3$ ہیں شکل میں دکھائی گئی طرز پر جوڑے گئے ہیں۔ مزاحمت کی اصطلاح میں برقی رو کی نسبت $\frac{i_3}{i_1}$ ہوگی :




(1) $\frac{r_1}{r_1+r_2}$

(2) $\frac{r_2}{r_1+r_3}$

(3) $\frac{r_1}{r_2+r_3}$

(4) $\frac{r_2}{r_2+r_3}$

**.41** ایک 0.15 kg کمیت کی بال جس کو 10 m کی اونچائی سے گرایا جاتا ہے، زمین سے ٹکراتی ہے اور واپس اسی اونچائی تک اچھلتی ہے۔ تب بال پر لگے جھٹکے کی عددی قدر تقریباً ______ ہوگی۔ $(g=10\ m/s^2)$

(1) 2.1 kg m/s

(2) 1.4 kg m/s

(3) 0 kg m/s

(4) 4.2 kg m/s

**.42** ایک نقطی شے 30 cm طول ماسکہ والے ایک حدبی لینس سے 60 cm دوری پر رکھی ہے۔ اگر لینس کے خاص محور کے عمودی طور پر ایک مستوی آئینہ لینس سے 40 cm کی دوری پر رکھا ہے تب حتمی شبیہ کس دوری پر اور کیسی بنیگی ؟




(1) مستوی آئینہ سے 30 cm کی دوری پر، ایک غیر حقیقی شبیہ بنیگی

(2) مستوی آئینہ سے 20 cm کی دوری پر، ایک غیر حقیقی شبیہ بنیگی

(3) لینس سے 20 cm کی دوری پر، ایک حقیقی شبیہ بنیگی

(4) لینس سے 30 cm کی دوری پر، ایک حقیقی شبیہ بنیگی

ZOLLEGE.in

**.43** دیے گیے سرکٹ میں، انپٹ ڈجٹل سگنل کو ٹرمنل A, B اور C پر لگایا جاتا ہے۔ ٹرمنل $y$ پر آؤٹ پٹ کیا ہوگا ؟










**.44** مساوی جسامت کے 27 بوندوں میں ہر بوند کو 220 V پر برقایا جاتا ہے۔ وہ مل کر ایک بڑی بوند بناتے ہیں۔ بڑی بوند کا مضمر (potential) ہوگا :

(1) 1520 V

(2) 1980 V

(3) 660 V

(4) 1320 V

**.45** ایک کار حالت سکون سے ابتداء کرتی ہے اور $5\ m/s^2$ کے اسراع سے اسراع پزیر ہوتی ہے۔ $t = 4\ s$ پر کار کی ایک کھڑکی سے کار میں بیٹھے ایک لڑکے کے ذریعہ ایک بال باہر گرائی جاتی ہے۔ $t = 6\ s$ پر بال کی رفتار اور اسراع کیا ہونگے ؟
($g = 10\ m/s^2$ لیجئے)

(1) $20\sqrt{2}$ m/s, 0

(2) $20\sqrt{2}$ m/s, $10\ m/s^2$

(3) 20 m/s, $5\ m/s^2$

(4) 20 m/s, 0

**.46** ایک سلسلہ وار LCR سرکٹ جس میں 5.0 H کا امالہ 80 μF کا مکثفہ اور 40 Ω کی مزاحمت جڑی ہے ایک متبدل تعدد والے متبادل برقی رو کے 230 V منبع سے جڑا ہے۔ منبع کی زاویائی تعدد جن پر سرکٹ کو منتقل ہونے والی طاقت گمکدار تعدد پر طاقت کی آدھی ہوتی ہے، ہونگی :

(1) 46 rad/s and 54 rad/s

(2) 42 rad/s and 58 rad/s

(3) 25 rad/s and 75 rad/s

(4) 50 rad/s and 25 rad/s

**.47** 200 cm لمبائی اور 500 g کمیت کے ایک سلاخ کو 40 cm کے نشان پر رکھے ایک پچر پر متوازن کیا جاتا ہے۔ 2 kg کی ایک کمیت 20 cm پر سلاخ سے لٹکی ہے جبکہ دوسری نامعلوم کمیت 'm' 160 cm کے نشان پر لٹکی ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ 'm' کی قدر پتا کیجئے جبکہ سلاخ توازن میں ہے۔

($g = 10\ m/s^2$)




(1) $\frac{1}{6}$ kg

(2) $\frac{1}{12}$ kg

(3) $\frac{1}{2}$ kg

(4) $\frac{1}{3}$ kg

**.48** 'm' کمیت کا ایک ذرہ $v = kV_e (k < 1)$ کی رفتار سے زمین کی سطح سے داغا جاتا ہے جہاں $V_e$ فرار رفتار ہے۔ ذرہ کے ذریعہ حاصل کی گئی سطح سے اعظم اونچائی :

(1) $\frac{R^2 k}{1+k}$

(2) $\frac{Rk^2}{1-k^2}$

(3) $R\left(\frac{k}{1-k}\right)^2$

(4) $R\left(\frac{k}{1+k}\right)^2$

Z@LLEGE.in

.49 220 V کے ایک متبادل برقی رو کی سپلائی سے جڑے ایک نزولی ٹرانسفارمر کے ذریعہ ایک 11 V, 44 W کے لیمپ کو جلایا جاتا ہے۔ٹرانسفارمر میں قوت کے نقصانات کو نظر انداز کرتے ہوئے، پرائمری سرکٹ میں برقی رو کیا ہوگی ؟

(1) 2 A

(2) 4 A

(3) 0.2 A

(4) 0.4 A

.50 لمبائی 12a اور مزاحمت 'R' کے ایک یکساں موصل تار کو لپیٹ کر ایک برقی رو بردار لچھہ بنایا گیا ہے۔

(i) ایک 'a' ضلع کے مساوی الاضلاع مثلث کی شکل میں

(ii) 'a' ضلع کے ایک مربع کی شکل میں

تب لچھے کا دو قطبی مقناطیسی معیار اثر دونوں میں بالترتیب ہوگا :

(1) $3\ Ia^2$ اور $4\ Ia^2$

(2) $4\ Ia^2$ اور $3\ Ia^2$

(3) $\sqrt{3}\ Ia^2$ اور $3\ Ia^2$

(4) $3\ Ia^2$ اور $Ia^2$

## سیکشن۔A ( کیمیا)

.51 2-Bromo pentane کے ڈی ہائڈروہیلوجنیشن ایکشن کا خاص پروڈکٹس Pent-2-ene (major product) ہے :

(1) ہوف مین کا قاعدہ (Hofmann Rule)

(2) ہکل کا قاعدہ (Huckel's Rule)

(3) سیٹ زیف کا قاعدہ (Saytzeff's Rule)

(4) ہونڈس کا قاعدہ (Hund's Rule)

.52 'C–X' کے بندشی اینتھالپی کا صحیح ترتیب (sequence) ہے :

(1) $CH_3-F < CH_3-Cl > CH_3-Br > CH_3-I$

(2) $CH_3-Cl > CH_3-F > CH_3-Br > CH_3-I$

(3) $CH_3-F < CH_3-Cl < CH_3-Br < CH_3-I$

(4) $CH_3-F > CH_3-Cl > CH_3-Br > CH_3-I$

.53 آل انڈیا ریڈیو نئی دہلی کا ایک مخصوص اسٹیشن 1,368 kHz ( کیوہرٹز ) کی تعدد (frequency) پہ نشر کرتا ہے۔ٹرانسمیٹر کے ذریعہ الیکٹرومیگنیٹنگ اشعاع کا طول موج ہے :

[speed of light, $c = 3.0 \times 10^8\ ms^{-1}$]

(1) 2192 m

(2) 21.92 cm

(3) 219.3 m

(4) 219.2 m

.54 Zr (Z = 40) اور Hf (Z = 72) کے ایک جیسے ایٹمی نصف قطر (atomic radii) اور آئنی نصف قطر (ionic radii) ہوتے ہیں کیونکہ :

(1) لینتھنائڈ انقباض (lanthanoid contraction)

(2) ایک جیسا کیمیائی خوبی (chemical properties) کا ہونا

(3) دونوں ایک ہی گروپ سے مناسبت (belonging) رکھتے ہیں۔

(4) ڈائیگونل رشتہ (diagonal relationship)

.55 T (K) پر ڈائی میتھائل امین کا $pK_b$ اور ایسٹک ایسڈ کا $pK_a$ 3.27 اور 4.77 بالترتیب ہے۔ڈائی میتھائل امونیم ایسیٹیٹ محلول (dimethylammonium acetate solution) کے pH کے لئے صحیح آپشن ہے :

(1) 7.75

(2) 6.25

(3) 8.50

(4) 5.50

.56 مندرجہ ذیل میں غلط بیان ہیں :

(1) لینتھنائڈ، گرمی اور بجلی (heat and electricity) کے اچھے کنڈکٹر ہوتے ہیں۔

(2) ایکٹنائڈ بہت ہی زیادہ ریکٹیو دھات (reactive metals) ہے۔ خاص طور پر جب اسے الگ کرتے ہیں۔

(3) ایکٹنائڈ انقباض عنصر (element) میں زیادہ ہوتا ہے، لینتھنائڈ انقباض کے عنصر کے مقابلے میں

(4) اکثر ٹرائیولینٹ لینتھنائڈ آئن اپنی ٹھوس کی حالت میں (solid state) بے رنگ (colorless) ہوتے ہیں۔

ZOLLEGE.in

**.57** Bravais کے اکائی جال نما سیل میں سبھی 14 قسم کے اکائی سیل کے مرکزی جسم کی تعداد ہوتے ہیں :

(1) 2

(2) 3

(3) 7

(4) 5

**.58** کل کی بھٹی (blast furnace) میں سب سے زیادہ درجہ حرارت (temperature) جو حاصل کیا جا سکتا ہے :

(1) upto 1900 K

(2) upto 5000 K

(3) upto 1200 K

(4) upto 2200 K

**.59** ذیل میں دو بیان دیئے گئے ہیں :

بیان-I :

اسپرین اور پاراسٹامول نارکوٹکس انالجسک سے مناسب (belongs) رکھتے ہیں۔

بیان-II :

مارفین اور ہیروئن نارکوٹکس انالجیسک نہیں ہے۔

اوپر دیئے گئے بیانات پر روشنی ڈالتے ہوئے نیچے دیئے گئے آپشن میں سے صحیح جواب کو منتخب (choose) کریں۔

(1) بیان-I صحیح ہے لیکن بیان-II غلط ہے۔

(2) بیان-I غلط ہے لیکن بیان-II صحیح ہے۔

(3) دونوں بیان-I اور بیان-II صحیح ہیں۔

(4) دونوں بیان-I اور بیان-II غلط ہیں۔

**.60** مرکب کی شناخت (identify) کریں جو ہِنس برگ ریجنٹ کے ریکٹ کرا یک سولڈ دیتا ہے جو الکلی (alkali) میں گھلتا (dissolves) ہے :

(1) 

(2) 

(3) 

(4) 

**.61** ٹریٹیم ہائڈروجن کا ایک تابکار ہم جا (Isotope) ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل میں سے کونسے ذرات کا اخراج ہوتا ہے ؟

(1) گاما (γ)

(2) نیوٹران (n)

(3) بیٹا ($\beta^-$)

(4) الفا (α)

**.62** اڈیشن پولی میرائزیشن سے مندرجہ ذیل پولیمرس میں سے کسے تیار (prepared) کیا جاتا ہے ؟

(1) نوولیک

(2) ڈاکران

(3) ٹیفلن

(4) نائلن-66

**.63** نوبل گیس کو انکا نام اسلئے دیا گیا ہے کیونکہ انکی ایکٹویٹی غیر موثر (inertness towards reactivity) ہوتی ہے۔ ان میں سے غلط بیان کی شناخت (Identify) کریں :

(1) نوبل گیسس کی بہت ہی کمزور پھیلنے کی طاقت (dispersion forces) ہوتی ہے۔

(2) نوبل گیسس کی الیکٹران حاصل کرنے کی انتھالپی بہت ہی زیادہ ہوتی ہے۔

(3) نوبل گیسس پانی میں احتیاط (sparingly) سے گھلتے ہیں۔

(4) نوبل گیسس کی بہت ہی زیادہ نقطہ گداخت (melting point) اور نقطہ جوش (boiling point) ہوتی ہے۔

**.64** ہکسا گونل پریمیٹیو اکائی سیل میں ٹیٹرا ہیڈرل اور اوکٹا ہیڈرل وائڈز کے لئے صحیح آپشن ہے :

(1) 2, 1

(2) 12, 6

(3) 8, 4

(4) 6, 12

**.65** مندرجہ ذیل میں سے کونسے زمینی دھاتی ہلائڈس جو نامیاتی محلّل میں حل پذیر اور ہم گرفت ہوتے ہیں :

(1) میگنیشیم کلورائڈ

(2) بریلیم کلورائڈ

(3) کیلشیم کلورائڈ

(4) اسٹرانٹیم کلورائڈ

**66.** ایک مول آئیڈیل گیس کے لئے مندرجہ ذیل میں سے $C_P$ اور $C_V$ کے بیچ صحیح تعلق (relationship) کون ہے ؟

(1) $C_P = RC_V$

(2) $C_V = RC_P$

(3) $C_P + C_V = R$

(4) $C_P - C_V = R$

**67.** ٹنڈل اِفکٹ کے بیان کے لئے صحیح اختیار (option) کو دکھایا گیا ہے :

(1) اسٹارچ محلول

(2) یوریا کا گھول

(3) NaCl کا گھول

(4) گلوکلوز کا گھول

**68.** مندرجہ ذیل گھول (solutions) کو تیار (prepared) کرتے ہیں :

10 g گلوکوز ($C_6H_{12}O_6$) کو 250 ml پانی میں گھولنے پر ($P_1$)

10 g یوریا ($CH_4N_2O$) کو 250 ml پانی میں ($P_2$)۔

10 g سکروز ($C_{12}H_{22}O_{11}$) کو 250 ml پانی میں ($P_3$)

گھٹتے ہوئے ولوجی دباؤ (Osmotic pressure) کے لئے ان گھولوں میں صحیح آپشن ہے :

(1) $P_2 > P_3 > P_1$

(2) $P_3 > P_1 > P_2$

(3) $P_2 > P_1 > P_3$

(4) $P_1 > P_2 > P_3$

**69.** بوائلس لا کے لئے صحیح گراف کو چنئے جو مختلف تپش (temp.) پر دباؤ مقابلہ گیس کے حجم (volume) کو گراف میں دکھا رہا ہے۔




(1)




(2)




(3)




(4)

ZOLLEGE.in

**70.** فہرست-I کو فہرست-II سے ملایئے :

| | فہرست-I | | فہرست-II |
|---|---|---|---|
| (a) | $PCl_5$ | (i) | اسکوائر پیرامڈل |
| (b) | $SF_6$ | (ii) | ٹرائگونل پلینر |
| (c) | $BrF_5$ | (iii) | آکٹاہیڈرل |
| (d) | $BF_3$ | (iv) | ٹرائگونل بائپیرامڈل |

درجہ ذیل متبادلات میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کیجئے :

(1) (a)-(iii), (b)-(i), (c)-(iv), (d)-(ii)

(2) (a)-(iv), (b)-(iii), (c)-(ii), (d)-(i)

(3) (a)-(iv), (b)-(iii), (c)-(i), (d)-(ii)

(4) (a)-(ii), (b)-(iii), (c)-(iv), (d)-(i)

**71.** ایک تعامل (reaction) A→B کے لئے تعامل کی اینتھالپی $-4.2\ kJ\ mol^{-1}$ اور ایکٹی ویشن اینتھالپی $9.6\ kJ\ mol^{-1}$ ہے۔ تعامل کے لئے صحیح مضمر توانائی (potential energy) پروفائل آپشن میں دکھایا گیا ہے۔



(1)



(2)



(3)



(4)

**72.** بیان-I :

دئے گئے ترتیب (order) میں تیزابی طاقت (Acid strength) بڑھتی ہوئی ہے : HF << HCl << HBr << HI

بیان-II :

جیسے جیسے ہم گروپ میں نیچے جائینگے عنصر F, Cl, Br, I کا سائز بڑھتا جائیگا۔ HF, HCl, HBr اور HI کی بانڈ کی طاقت (Bond strength) گھٹتی جائیگی اور اسلئے تیزابی طاقت (Acid strength) بڑھتی جائیگی۔

اوپر دئے گئے بیانات پر روشنی ڈالتے ہوئے نیچے دئے گئے آپشن میں سے صحیح جواب کو منتخب (choose) کریں۔

(1) بیان-I صحیح ہے لیکن بیان-II غلط ہے۔

(2) بیان-I غلط ہے لیکن بیان-II صحیح ہے۔

(3) دونوں بیان-I اور بیان-II صحیح ہیں۔

(4) دونوں بیان-I اور بیان-II غلط ہیں۔

**73.** مندرجہ ذیل کے کیمیائی تعامل (chemical reaction) میں خاص پروڈکٹ (major product) ہے :

$$(CH_3)_2CH-CH=CH_2 + HBr \xrightarrow{(C_6H_5CO)_2O_2} ?$$

(1) $(CH_3)_2CH-CH(Br)-CH_3$

(2) $(CH_3)_2CBr-CH_2-CH_3$

(3) $(CH_3)_2CH-CH_2-CH_2-Br$

(4) $(CH_3)_2CH-CH_2-CH_2-O-COC_6H_5$

**74.** $BF_3$ ایک سطحی اور الیکٹران کی کمی والا مرکب ہے۔ مرکزی جوہر سے مخلوطی اور الیکٹران کی تعداد اطراف میں بالترتیب ہوتی ہیں :

(1) $sp^2$ اور 6

(2) $sp^2$ اور 8

(3) $sp^3$ اور 4

(4) $sp^3$ اور 6

ZOLLEGE.in

.75 مندرجہ ذیل کیمیائی ریکشن میں نامیاتی مرکب (organic compound) کا IUPAC نام کیا ہے ؟

$$\text{Acetone} \xrightarrow[\text{(ii) } H_2O,\ H^+]{\text{(i) } C_2H_5MgBr,\ \text{dry Ether}} \text{پروڈکٹ}$$

(1) پینٹین-3-اول
(2) 2-میتھائل بیوٹین-2-اول
(3) 2-میتھائل پروپین-2-اول
(4) پینٹین-2-اول

.76 بریلیم کلورائڈ کا ٹھوس حالت (solid state) اور بخارات کے مرحلے (vapour phase) میں انکی ساختیں (structures) ہیں :
(1) ڈائمر اور خطی بالترتیب
(2) دونوں میں چین
(3) چین اور ڈائمر بالترتیب (respectively)
(4) دونوں میں خطی (Linear)

.77 مرکب (compound) جو میٹا مریزم دکھاتا ہے :
(1) $C_3H_6O$
(2) $C_4H_{10}O$
(3) $C_5H_{12}$
(4) $C_3H_8O$

.78 RBC کی کمی (deficiency) ________ کمی کی بیماری ہے۔
(1) وٹامن $B_1$
(2) وٹامن $B_2$
(3) وٹامن $B_{12}$
(4) وٹامن $B_6$

.79 مندرجہ ذیل تعاملات میں سے کون سی تعامل دھاتی ہٹاؤ تعامل ہوتی ہے ؟ صحیح متبادل کو چنیں :
(1) $Fe + 2HCl \rightarrow FeCl_2 + H_2\uparrow$
(2) $2Pb(NO_3)_2 \rightarrow 2PbO + 4NO_2 + O_2\uparrow$
(3) $2KClO_3 \xrightarrow{\Delta} 2KCl + 3O_2$
(4) $Cr_2O_3 + 2Al \xrightarrow{\Delta} Al_2O_3 + 2Cr$

.80 ایتھین (ethane) کی سب سے کم مستحکم (stable) کنفرمر ڈائیہیڈرل اینگل ہے:
(1) 60°
(2) 0°
(3) 120°
(4) 180°

.81 NaCl, HCl اور $CH_3COONa$ کی مولر موصلیت کا لا متناہی ہلکایا (infinite dilution) پر 126.45, 426.16 اور $91.0\ S\ cm^2\ mol^{-1}$ بالترتیب ہیں۔ $CH_3COOH$ کا مولر موصلیت لا متناہی حالت پر ہلکایہ ہوتا ہے۔ جواب کے لئے صحیح متبادل کو چنیں :
(1) $698.28\ S\ cm^2\ mol^{-1}$
(2) $540.48\ S\ cm^2\ mol^{-1}$
(3) $201.28\ S\ cm^2\ mol^{-1}$
(4) $390.71\ S\ cm^2\ mol^{-1}$

.82 مندرجہ ذیل طریقہ (methods) میں کسے استعمال کر کے بے حد خالص دھات (highly pure metal) حاصل کیا جا سکتا ہے جو کمرے کی درجہ حرارت (room temperature) پہ رقیق (liquid) رہتا ہے ؟
(1) ڈسٹلیشن
(2) زون ریفائنگ
(3) الیکٹرولیسس
(4) کرومیٹوگرافی

.83 ایک نامیاتی مرکب میں 78% کاربن ہیں اور باقی کا فیصد ہائڈروجن پائے جاتے ہیں۔(وزن سے) مرکب کیلئے تجرباتی ضابطہ کیلئے صحیح متبادل کو چنیں :
[C کا اٹیمک ویٹ = 12 ؛ H کا اٹیمک ویٹ = 1]
(1) $CH_3$
(2) $CH_4$
(3) CH
(4) $CH_2$

ZOLLEGE.in

**.84** 2,6-Dimethyl-dec-4-ene کا صحیح ساخت (structure) ہے :

(1) 

(2) 

(3) 

(4) 

**.85** ایتھلین ڈائی امین ٹیٹرا ایسٹیٹ آئن (EDTA) ہے :

(1) بائی ڈینٹیٹ لیگینڈ کے دو "N" ڈونر ایٹم ہو

(2) ٹرائی ڈینٹیٹ لیگینڈ کے ساتھ تین "N" ڈونر ایٹم ہو

(3) ہیکسا ڈینٹیٹ لیگینڈ کے ساتھ چار "O" اور دو "N" ایٹم ہو

(4) یونی ڈینٹیٹ لیگینڈ

## سیکشن۔B ( کیمیا)

**.86** فہرست۔I اور فہرست۔II کو ملائیے :

| | فہرست۔I | | فہرست۔II |
|---|---|---|---|
| (a) | $2SO_2(g) + O_2(g) \rightarrow 2SO_3(g)$ | (i) | تیزابی بارش (Acid rain) |
| (b) | $HOCl(g) \xrightarrow{h\nu} \dot{O}H + \dot{C}l$ | (ii) | اسموگ (Smog) |
| (c) | $CaCO_3 + H_2SO_4 \rightarrow CaSO_4 + H_2O + CO_2$ | (iii) | اوزون کی تقلیل (Ozone depletion) |
| (d) | $NO_2(g) \xrightarrow{h\nu} NO(g) + O(g)$ | (iv) | ٹراسپوفریک آلودگی (Tropospheric pollution) |

درج ذیل انتخاب میں سے صحیح جواب چنیے :

(1) (a)-(iv), (b)-(iii), (c)-(i), (d)-(ii)

(2) (a)-(iii), (b)-(ii), (c)-(iv), (d)-(i)

(3) (a)-(i), (b)-(ii), (c)-(iii), (d)-(iv)

(4) (a)-(ii), (b)-(iii), (c)-(iv), (d)-(i)

**.87** دئے گئے سلسلہ وار کیمیکل ریکشن میں متعامل 'R' ہے :




(1) HI

(2) CuCN/KCN

(3) $H_2O$

(4) $CH_3CH_2OH$

**.88** $CH_3CH_2COO^-Na^+ \xrightarrow[\text{Heat}]{\text{NaOH, + ?}} CH_3CH_3 + Na_2CO_3.$

اوپر کے تعامل (reaction) کو مانتے (consider) ہوئے گم (missing) ایجنٹ / کیمیکل کی پہچان کریں :

(1) CaO

(2) DIBAL-H

(3) $B_2H_6$

(4) Red Phosphorus

**.89** آرہنس پلاٹ $\left(\ln k \text{ v/s } \frac{1}{T}\right)$ کا پہلا آرڈر ریکشن $-5 \times 10^3$ K ہے۔تعامل (reaction) کے لئے $E_a$ کی ویلو ہے ۔

دیا گیا ہے : $[R = 8.314 \text{ JK}^{-1}\text{mol}^{-1}]$

اپنے جواب کے لئے صحیح آپشن کو چنئے :

(1) 166 kJ $mol^{-1}$

(2) −83 kJ $mol^{-1}$

(3) 41.5 kJ $mol^{-1}$

(4) 83.0 kJ $mol^{-1}$

ZOLLEGE.in

**.90** فہرست۔I کو فہرست۔II سے ملایئے :

| | فہرست۔I | | فہرست۔II |
|---|---|---|---|
| (a) | $[Fe(CN)_6]^{3-}$ | (i) | 5.92 BM (بور میگنٹون) |
| (b) | $[Fe(H_2O)_6]^{3+}$ | (ii) | 0 BM |
| (c) | $[Fe(CN)_6]^{4-}$ | (iii) | 4.90 BM |
| (d) | $[Fe(H_2O)_6]^{2+}$ | (iv) | 1.73 BM |

مندرجہ ذیل انتخاب میں سے صحیح جواب چنئے :

(1) (a)-(i), (b)-(iii), (c)-(iv), (d)-(ii)

(2) (a)-(iv), (b)-(i), (c)-(ii), (d)-(iii)

(3) (a)-(iv), (b)-(ii), (c)-(i), (d)-(iii)

(4) (a)-(ii), (b)-(iv), (c)-(iii), (d)-(i)

**.91** مندرجہ ذیل جوڑوں میں کون آئسو الیکٹرانک (iso-electronic) نہیں ہے ؟

(1) $Mn^{2+}, Fe^{3+}$

(2) $Fe^{2+}, Mn^{2+}$

(3) $O^{2-}, F^{-}$

(4) $Na^{+}, Mg^{2+}$

**.92** مندرجہ ذیل میں سے کونسے ایک میں سلسلے وار ان کے خصوصیات کے اعتبار سے سختی سے ظاہر نہیں کرتے ؟

(1) بڑھتی ہوئی تیزابی خوبی (character) : $NH_3 < PH_3 < AsH_3 < SbH_3$

(2) بڑھتی ہوئی اکسیڈ ائزنگ طاقت : $CO_2 < SiO_2 < SnO_2 < PbO_2$

(3) بڑھتی ہوئی تیزابی طاقت : $HF < HCl < HBr < HI$

(4) بڑھتی ہوئی $pK_a$ کی ولیو : $H_2O < H_2S < H_2Se < H_2Te$

**.93** آئسو تھرمل حالت میں ایک مثالی گیس (ideal gas) کا غیر رجعتی پھیلاؤ (Irreversible expansion) : صحیح آپشن ہے :

(1) $\Delta U = 0, \Delta S_{total} \neq 0$

(2) $\Delta U \neq 0, \Delta S_{total} = 0$

(3) $\Delta U = 0, \Delta S_{total} = 0$

(4) $\Delta U \neq 0, \Delta S_{total} \neq 0$

**.94** درج ذیل سالمہ میں سے کون اپنی فطرت میں غیر قطبی (non-polar) ہے ؟

(1) $SbCl_5$

(2) $NO_2$

(3) $POCl_3$

(4) $CH_2O$

**.95** ایک آمیزے میں 4 گرام $O_2$ اور 2 گرام $H_2$ 0°C پر ایک لیٹر کے جملہ حجم کیلئے جو جملہ دباؤ کیلئے (فضائی دباؤ)

دیا ہے :

[ $R = 0.082$ L atm $mol^{-1}K^{-1}$, $T = 273$ K]

مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل کو چنیں :

(1) 25.18

(2) 26.02

(3) 2.518

(4) 2.602

**.96** 45°C پر بھاپ کا دباؤ بنزین سے آکٹین کے ساتھ 2 : 3 کے مولر تناسب میں مندرجہ ذیل صحیح قیمت کا انتخاب کریں:

[ 45°C پر بنزین کا ویپر پریشر = 280 mm Hg اور آکٹین کا 420 mm Hg ہے۔ آئڈیل گیس کو مان لیں (assume)]

مندرجہ ذیل میں سے صحیح متبادل چنیں :

(1) 336 mm Hg

(2) 350 mm Hg

(3) 160 mm Hg

(4) 168 mm Hg

ZOLLEGE.in

**97.** فہرست-I کو فہرست-II سے ملایئے :

| | فہرست-I | | فہرست-II |
|---|---|---|---|
| (a) |  $\xrightarrow[\text{Anhyd.}AlCl_3/CuCl]{CO,\ HCl}$ | (i) | ہل-والہورڈ-زیلنسکی ریکشن |
| (b) | $R-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-CH_3 + NaOX \longrightarrow$ | (ii) | گوٹرمین-کوچ ریکشن |
| (c) | $R-CH_2-OH + R'COOH \xrightarrow{\text{Conc. } H_2SO_4}$ | (iii) | ہولوفارم ریکشن |
| (d) | $R-CH_2COOH \xrightarrow[\text{(ii) } H_2O]{\text{(i) } X_2/\text{Red P}}$ | (iv) | ایسٹریفیکیشن |

درج ذیل میں سے صحیح انتخاب چنئے :

(1) (a)-(i), (b)-(iv), (c)-(iii), (d)-(ii)

(2) (a)-(ii), (b)-(iii), (c)-(iv), (d)-(i)

(3) (a)-(iv), (b)-(i), (c)-(ii), (d)-(iii)

(4) (a)-(iii), (b)-(ii), (c)-(i), (d)-(iv)

**98.** 0.007 M ایسٹک ایسڈ کا مولر کنڈکٹویٹی $20\ S\ cm^2\ mol^{-1}$ ہے۔ ایسٹک ایسڈ کا افتراق کانسٹنٹ (dissociation constant) کیا ہے ؟

صحیح جواب چنیں :

$$\left[\begin{array}{l}\Lambda^\circ_{H^+} = 350\ S\ cm^2\ mol^{-1} \\ \Lambda^\circ_{CH_3COO^-} = 50\ S\ cm^2\ mol^{-1}\end{array}\right]$$

(1) $1.75 \times 10^{-5}\ mol\ L^{-1}$

(2) $2.50 \times 10^{-5}\ mol\ L^{-1}$

(3) $1.75 \times 10^{-4}\ mol\ L^{-1}$

(4) $2.50 \times 10^{-4}\ mol\ L^{-1}$

**99.** مندرجہ ذیل کیمیائی ریکشن میں درمیانی مرکب (intermediate compound 'X') ہے :




(1) 


(2) 


(3) 


(4) 


**100.** مندرجہ ذیل کیمیائی ریکشن میں پروڈکٹ بنتے ہیں :




(1) 


(2) 


(3) 


(4) 


ZOLLEGE.in

## سیکشن-A (حیاتیات : نباتیات)

**101.** غنچہ / شگوفہ (Gemmae) ________ میں موجود ہوتے ہیں۔

(1) کچھ کھل بیجہ نباتات / جمنوسپرما (Some Gymnosperms)

(2) کچھ لیورورٹ/حزار (Some Liverworts)

(3) موس (Mosses)

(4) ٹیری ڈوفائٹا (Pteridophytes)

**102.** امینسالیسم (Amensalism) کو ________ سے ظاہر کیا جاسکتا ہے :

(1) نوع A (−) ; نوع B (−)

(2) نوع A (+) ; نوع B (0)

(3) نوع A (−) ; نوع B (0)

(4) نوع A (+) ; نوع B (+)

**103.** ماحول کے مطابق ردّعمل میں نباتات مختلف دور کو ظاہر (follow) کرتے ہیں یا زندگی کے مرحلے میں مختلف قسم کی ساخت بناتے ہیں۔ اس صلاحیت کو ________ کہتے ہیں۔

(1) پلاسٹی سٹی

(2) پختہ کاری

(3) لچک / کھنچاؤ (Elasticity)

(4) لچکدار

**104.** نباتی خلیات میں تبدّلی ________ کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔

(1) گاما شعاعیں

(2) زیاٹن (Zeatin)

(3) کائنیٹن (Kinetin)

(4) ذیر سرخ شعاعیں

**105.** درج ذیل تخفیفی تقسیم کے مرحلوں میں کس میں سینٹرومیئر (Centromere) کی تقسیم ہوتی ہے ؟

(1) انافیز-II

(2) ٹیلوفیز-II

(3) میٹافیز - I

(4) میٹافیز-II

**106.** درج ذیل میں کون سا غلط بیان ہے ؟

(1) مرکزہ کے اطراف والا حصّہ، مرکزے کے اندرونی اور خلیہ مایہ میں موجود مادّے کے درمیان کی رکاوٹ ہے۔

(2) مرکزہ کے سوراخ، RNA سالمہ اور پروٹین، کے لئے مرکزہ اور خلیہ مایہ کا دوسمتی درمیانی راستہ ہے۔

(3) پختہ چھلنی نما نلکی میں گہرہ مرکزہ اور خلیہ مایہ مشمولات ہوتے ہیں۔

(4) نباتات اور حیوانات دونوں میں خوردبینی اجسام موجود ہوتے ہیں۔

**107.** ایسا جزو جس سے آبادی میں فاؤنڈر effect ہے وہ ________ ہے۔

(1) جینیاتی تبدّلی

(2) جینیاتی انحراف

(3) قدرتی انتخاب

(4) جینیاتی تو تشکیل

**108.** فہرست - I کو فہرست - II سے جوڑیئے۔

| | فہرست - I | | فہرست - II |
|---|---|---|---|
| (a) | کشش اتصال | (i) | آبی مرحلے میں زیادہ کشش |
| (b) | منسلک / چپکے رہنے کا عمل (Adhesion) | (ii) | پانی کے سالمات کے درمیان باہمی کشش |
| (c) | سطحی دباؤ (surface tension) | (iii) | آبی مرحلے میں پانی کی کمی ہونا |
| (d) | قطرہ ریزی (Guttation) | (iv) | قطبی سطح کی جانب کشش |

نیچے دیئے گئے اختیار میں سے صحیح جواب منتخب کیجئے۔

| | (a) | (b) | (c) | (d) |
|---|---|---|---|---|
| (1) | (iii) | (i) | (iv) | (ii) |
| (2) | (ii) | (i) | (iv) | (iii) |
| (3) | (ii) | (iv) | (i) | (iii) |
| (4) | (iv) | (iii) | (ii) | (i) |

**109.** نباتات میں فوٹو پیریوڈسم (Photoperiodism) کے دوران روشنی کو محسوس کرنے والی جگہ ________ ہے۔

(1) بغلی کونپل

(2) پتّہ

(3) تنہ کا اوپری سرا

(4) تنہ

ZOLLEGE.in

**.110** درج ذیل میں کون سی کائی، کاراگین (Carrageen) پیدا کرتی ہے ؟

(1) سرخ کائی (Red algae)

(2) نیلی۔سبز کائی (Blue-green algae)

(3) سبز کائی (Green algae)

(4) بھوری کائی (Brown algae)

